## II- ٹرائبیونل کی طرف سے طے کی گئی رقم کی ادائیگی سے احتراظ ایک مجرمانہ عمل ہے

اگر ٹرائبیونل کے ذریعے کیے گئے کسی فیصلے میں آجر کو کسی مخصوص استحقاق کی ادائیگی کے لیے کہا گیا ہے جس کی وضاحت ترمیمی قانون میں موجود ہے (مثلا جیسے اجرتیں، سال کی اختتام کا معاوضہ، ذکی کی رخصتی کا معاوضہ اور ملازمت سے قبل از وقت سبکدوشی کا معاوضہ وغیرہ) (نوٹ نمبر 2)۔اور آجر اپنی مرضی سے یا بنا کسی معقول وجہ کے واجب الادا تاریخ کے بعد سے 14 دنوں کے اندر اندر اس رقم کی ادائیگی میں ناکام ہو جاتا ہے(نوٹ نمبر 2) آجر اس جرم کے لیے قابل مواخذہ ہو گا اور جرم ثابت ہو جانے پر، اس پر **$350,000 کا جرمانہ اور 3 سال تک کی قید کی سزا ہو گئی۔**

یہ نیا جرم رقم کے ایسے کسی بھی حصّہ پر لاگو ہوگا جو اس فیصلے کے تحت قابل ادائیگی ہو۔ ایسی صورت میں جب کسی رقم کی ادائیگی قسطوں میں کی جاتی ہو،تب یہ کسی بھی قسط یا اس قسط کے کسی بھی حصے کی ادائیگی سے اعتراض کی صورت میں بھی لاگو ہوگا۔

([فیصلے میں طے کی گئی رقم کے واجب الاداء ہونے کے کی مدّت کے 14 دنوں بعد" کا تعین کیسے کرنا ہے] اسکی مثالیں حوالہ کے لئے اشاریہ 1 میں دی ہوئی ہیں۔)

**(نوٹ 2)** جب تک کہ اسکے برعکس شہادت موجود نہ ہو، اگر ٹرائبیونل کے کسی فیصلہ میں کوئی رقم دینے کے لئے کہا گیا ہو لیکن اس بات کا اشارہ نہ ہو کہ کیا اس رقم میں کوئی مخصوص استحقاق شامل ہے، اور جس دعوے سے متعلق ادائیگی کا یہ فیصلہ ہے، وہ جزوی یا کلی طور پر کسی مخصوص استحقاق پر مبنی ہے، تو اسے فیصلے کو مخصوص استحقاقات کی ادائیگی کے لینے فیصلہ سمجھا جائگا۔

**(نوٹ 3)** اگر فیصلہ میں اس تاریخ کی وضاحت نہیں کی گئی ہے جب فیصلہ میں دی جانے والی رقم قبل ادائیگی ہو، تن یہ رقم فیصلہ ہونے کے 14 دنوں کے اندر اندر ادا کر دی جانی چاہیے۔

